سینٹرل پنجاب نے پاکستان کپ کے سیمی فائنل میں رسائی حاصل کرلی

لاہور، 25 مارچ 2022ء:

اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گئے میچ میں سینٹرل پنجاب نے سندھ کو 77 رنز سے ہرا کر سیمی فائنل میں رسائی حاصل کرلی ہے۔ سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی ٹیمیں پہلے ہی ایونٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ چکی ہیں۔

262 رنز کے تعاقب میں سندھ کی پوری ٹیم **41.3** اوورز میں 184 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ سرفراز احمد 59 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ ان کی اننگز میں 3 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔ سندھ کے 7 بیٹرز ڈبل فگرز میں بھی داخل نہ ہوسکے۔ ظفر گوہر اور حسین طلعت نے تین تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ سینٹرل پنجاب نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے احمد شہزاد اور ظفر گوہر کی نصف سنچریوں کی بدولت 261 رنز بنائے تھے۔ اوپنر احمد شہزاد نے 9 چوکوں کی مدد سے 68 جبکہ ظفر گوہر نے 4 چوکوں اور 2 چھکوں کی بدولت 51 رنز کی اننگز کھیلی تھی۔ محمد عمر نے تین وکٹیں حاصل کیں۔

ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں سدرن پنجاب نے ناردرن کو 3 وکٹوں سے شکست دے دی۔ فاتح ٹیم نے 221 رنز کا ہدف **28.5** اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ اعظم خان نے 39 گیندوں پر 11 چوکوں اور 4 چھکوں کی بدولت 83 رنز کی دھواں دھار اننگز کھیلی۔ شرون سراج 48 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ محمد عمران نے 4 چوکوں اور 2 چھکوں کی بدولت 40 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے ناردرن نے مقررہ 50 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 220 رنز بنائے تھے۔ مبصر خان نے 3 چوکوں کی بدولت 59 رنز کی اننگز کھیلی تھی۔ رضا المصطفیٰ نے 5 چوکوں کی مدد سے ناقابل شکست 56 رنز اسکور کیے۔

ٹورنامنٹ کے دسویں راؤنڈ کا آخری میچ کل بروز ہفتہ کو خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے مابین فیصل آباد میں کھیلا جائے گا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager - Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre

WASH HANDS | KEEP THE DISTANCE | AVOID CROWD | WEAR MASK | COUGH IN THE ELBOW | KEEP HYDRATED | STAY AT HOME

Commercial Partners

Broadcast Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4